ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مشترک رکن 's' ہے۔ لہٰذا:

r		s		t
1	:	4		
		2	:	3
2	:	8	:	12

سادہ تناسب میں تبدیل کرنے کے لیے ہم اسے 2 سے تقسیم کرتے ہیں۔

$2 \div 2 : 8 \div 2 : 12 \div 2$

$1 : 4 : 6$

پس، $r : s : t = 1 : 4 : 6$ ۔

3- اگر p:q=1:2 اور q:r=1:2 ہو تو p:q:r معلوم کیجیے۔

حل: دی گئی نسبتیں ہیں:

$p : q = 1 : 2$

اور $q : r = 1 : 2$

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مشترک رکن 'q' ہے۔ لہٰذا:

downloaded from https://infohubhmssissed.com/

Scanned with CamScanner

p q r

1 : 2

1 : 2

1 : 2 : 4

پس، p : q : r = 1 : 2 : 4 ہے۔

4- اگر x:z=3:2 اور y:z=1:2 ہو تو x:y:z معلوم کیجیے۔

حل: دی گئی نسبتیں ہیں:

x : z = 3 : 2

اور y : z = 1 : 2

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مشترک رکن 'z' ہے۔ لہٰذا:

x z y

3 : 2

2 : 1

6 : 4 : 2

سادہ تناسب میں تبدیل کرنے کے لیے ہم اسے 2 سے تقسیم کرتے ہیں۔

6 ÷ 2 : 4 ÷ 2 : 2 ÷ 2

3 : 2 : 1

پس، x : y : z = 3 : 1 : 2 ہے۔

5- اگر ℓ :m=1:7 اور ℓ :n=5:6 ہو تو ℓ :m:n معلوم کیجیے۔

حل: دی گئی نسبتیں ہیں:

ℓ : m = 1 : 7

اور ℓ : n = 5 : 6

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مشترک رکن 'ℓ' ہے۔ لہٰذا:

m l n

7 : 1

5 : 6

35 : 5 : 6

پس، ℓ : m : n = 5 : 35 : 6 ہے۔

6- ایک بیکری میں، ڈبل روٹی اور انڈوں کی فروخت کی تناسب 2:3 ہے اور انڈوں اور دودھ کی فروخت کی تناسب 3:1 ہے۔ انڈے، دودھ اور ڈبل روٹی کی مسلسل تناسب معلوم کیجیے۔

حل: دی گئی نسبتیں ہیں:

ڈبل روٹی اور انڈے کی فروخت میں = 2 : 3

انڈے اور دودھ کی فروخت میں = 3 : 1

انڈے، دودھ اور ڈبل روٹی کا مسلسل تناسب = ?

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مشترک رکن 'انڈے' ہیں۔ لہٰذا:

دودھ انڈے ڈبل روٹی

2 : 3

3 : 1

6 : 9 : 3

سادہ تناسب میں تبدیل کرنے کے لیے ہم اسے 3 سے تقسیم کرتے ہیں۔

6 ÷ 3 : 9 ÷ 3 : 3 ÷ 3

2 : 3 : 1

پس، انڈے، دودھ اور ڈبل روٹی کا مسلسل تناسب 1 : 3 : 2 ہے۔

7- احمد اور عرفان کو کاروبار میں منافع 5:4 کی نسبت سے ہوا جب کہ عرفان اور وسیم کے نفع کی نسبت 8:9 ہے۔ احمد، عرفان اور وسیم کے درمیان نفع کی نسبت معلوم کیجیے۔

حل: دی گئی نسبتیں ہیں:

احمد اور عرفان کے کاروبار میں = 5 : 4

عرفان اور وسیم کے کاروبار میں = 8 : 9

احمد، عرفان اور وسیم کے درمیان نفع کی نسبت = ?

احمد عرفان وسیم

5 : 4

8 : 9

40 : 32 : 36

سادہ تناسب میں تبدیل کرنے کے لیے ہم اسے 4 سے تقسیم کرتے ہیں۔

40 ÷ 4 : 32 ÷ 4 : 36 ÷ 4

10 : 8 : 9

پس، احمد، عرفان اور وسیم کے درمیان نفع کی نسبت 10:8:9 ہے۔

8- ایک سروے کے مطابق لوگ چکن اور مٹن 2:1 کی نسبت سے پسند کرتے ہیں جبکہ چکن اور بیف کی پسندیدگی کی نسبت 5:2 ہے۔ چکن، مٹن اور بیف کی لوگوں میں پسندیدگی کی نسبت معلوم کیجیے۔

حل: دی گئی نسبتیں ہیں:

چکن اور مٹن کی پسندیدگی میں = 2 : 1

چکن اور بیف کی پسندیدگی میں = 5 : 2

مٹن چکن بیف

1 : 2

5 : 2

5 : 10 : 4

پس، چکن، مٹن اور بیف کی لوگوں میں پسندیدگی کی نسبت 10:5:4 ہے۔

9- ریاضی کے ایک ٹیسٹ میں زارا، مونا اور کومل نے نیچے دی گئی نسبت سے نمبر حاصل کیے:

downloaded from https://infohubhmsissed.com/

Scanned with CamScanner

زارا اور مونا کی نسبت = 4 : 5

مونا اور کومل کی نسبت = 4 : 3

زارا، مونا اور کومل کے حاصل کردہ نمبروں کی مسلسل نسبت معلوم کیجیے۔

حل: دی گئی نسبتیں ہیں:

زارا اور مونا کی نسبت = 4 : 5

مونا اور کومل کی نسبت = 4 : 3

زارا، مونا اور کومل کے حاصل کردہ نمبروں کی مسلسل نسبت = ?

زارا		مونا		کومل
4	:	5		
		4	:	3
16	:	20	:	15

پس، زارا، مونا اور کومل کے حاصل کردہ نمبروں کی مسلسل نسبت 16:20:15 ہے۔

مشق 6.2

1- دیے گئے ہر تناسب میں m کی قیمت معلوم کیجیے۔

(I) 13:3 = m:6

حل:

وسطین: 3 اور m

$13 : 3 = m : 6$

طرفین: 13 اور 6

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$3 \times m = 13 \times 6$

$\Rightarrow m = \frac{13 \times 6^2}{3_1} = \frac{13 \times 2}{1} \Rightarrow m = 26$

پس، m کی مطلوبہ قیمت 26 ہے۔

(II) m:5 = 3:10

حل:

وسطین: 5 اور 3

$m : 5 = 3 : 10$

طرفین: m اور 10

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$5 \times 3 = m \times 10$

$\Rightarrow \frac{^1 5 \times 3}{10_2} = m$

$m = \frac{1 \times 3}{2} = \frac{3}{2} = 1.5$

پس، m کی مطلوبہ قیمت 1.5 ہے۔

(III) 35:21 = 5:m

حل:

وسطین: 21 اور 5

$35 : 21 = 5 : m$

طرفین: 35 اور m

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$21 \times 5 = 35 \times m$

$\Rightarrow \frac{^3 21 \times 5^1}{35_{7_1}} = m$

$m = 3 \times 1 \Rightarrow m = 3$

پس، m کی مطلوبہ قیمت 3 ہے۔

(IV) 9:m = 54:42

حل:

وسطین: m اور 54

$9 : m = 54 : 42$

طرفین: 9 اور 42

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$m \times 54 = 9 \times 42$

$\Rightarrow m = \frac{9^1 \times 42^7}{54_{6_1}} = 1 \times 7 \Rightarrow m = 7$

پس، m کی مطلوبہ قیمت 7 ہے۔

(V) 0.21:6.3 = 0.06:m

حل:

وسطین: 6.3 اور 0.06

$0.21 : 6.3 :: 0.06 : m$

طرفین: 0.21 اور m

downloaded from https://infohubhmsdsed.com/

Scanned with CamScanner

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$$6.3 \times 0.06 = 0.21 \times m$$

$$\Rightarrow \frac{6.3 \times 0.06}{0.21} = m$$

$$\frac{0.378}{0.21} = m$$

$$\Rightarrow m = 1.8$$

پس، m کی مطلوبہ قیمت 1.8 ہے۔

(vi) $1.1 : m = 0.55 : 0.27$

حل:

وسطین

$$1.1 : m = 0.55 : 0.27$$

طرفین

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$$m \times 0.55 = 1.1 \times 0.27$$

$$\Rightarrow m = \frac{1.1 \times 0.27}{0.55} = \frac{0.297}{0.55} \Rightarrow m = 0.54$$

پس، m کی مطلوبہ قیمت 0.54 ہے۔

-2 2، 5 اور 6 کا چوتھا متناسب کیا ہوگا؟

حل: فرض کیا

x = چوتھا متناسب

وسطین

$$2 : 5 :: 6 : x$$

طرفین

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$$5 \times 6 = 2 \times x$$

$$\Rightarrow \frac{5 \times \cancel{6}^{3}}{\cancel{2}} = x$$

$$x = 5 \times 3 \Rightarrow m = 15$$

پس، چوتھا متناسب 15 ہے۔

-3 4 اور 16 کا وسطی متناسب معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا

x = وسطی متناسب

وسطین

$$4 : x :: x : 16$$

طرفین

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب

$$x \times x = 4 \times 16$$

$$x^2 = 64$$

طرفین کا جذر لینے سے $\sqrt{x^2} = \sqrt{64}$

$$x = 8$$

پس، وسطی متناسب 8 ہے۔

-4 ایک ملازم کو 6 دن کی اُجرت 2130 روپے ادا کردی گئی۔ اگر اس کی ماہانہ اُجرت 9230 روپے ہو تو معلوم کیجیے کہ اس نے ایک ماہ میں کتنے دن کام کیا؟

حل:

اکائی کا طریقہ

6 دن = اُجرت 2130 روپے ادا کی گئی

اُجرت 1 روپیہ ادا کی گئی = $\left(\frac{6}{2130}\right)$ دن

اجرت 9230 روپے ادا کی گئی = $\left(\frac{6}{2130} \times 9230\right)$ دن

$= \left(\frac{55380}{2130}\right)$ دن = 26 دن

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا دنوں کی تعداد

دن اور اُجرت میں راست تناسب ہے۔

دن	اُجرت (روپے میں)
6	2130
x	9230

$$\frac{x}{6} = \frac{9230}{2130}$$

$$x = \frac{9230}{2130} \times 6 = \frac{55380}{2130} = 26$$

پس، ملازم نے ایک ماہ میں 26 دن کام کیا۔

-5 عمیر 50m کا فاصلہ طے کرنے کے لیے 75 قدم چلتا ہے۔ بتایئے وہ 375 قدم چل کر کتنا فاصلہ طے کرے گا؟

حل:

اکائی کا طریقہ

Downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

Scanned with CamScanner

50 میٹر = 75 قدموں میں طے کردہ فاصلہ

$\left(\frac{50}{75}\right)$ میٹر = 1 قدم میں طے کردہ فاصلہ

$\left(\frac{50}{75}\times 375\right)$ میٹر = 375 قدموں میں طے کردہ فاصلہ

$= \left(\frac{18750}{75}\right)$ میٹر = 250 میٹر

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا طے کردہ فاصلہ

طے کردہ فاصلے اور قدموں میں راست تناسب ہے۔

قدموں کی تعداد	فاصلہ (میٹر میں)
↑ 75	↑ 50
375	x

$$\frac{x}{50} = \frac{375}{75}$$

$$x = \frac{375}{75}\times 50 = \frac{18750}{75} = 250$$

پس، عزیر 375 قدموں میں 250 میٹر فاصلہ طے کرے گا۔

6- اگر 2 ڈبے $500\ cm^3$ جگہ گھیرتے ہیں تو اس طرح کے 175 ڈبوں کے لیے کتنی جگہ درکار ہوگی؟

حل: اکائی کا طریقہ

$500\ cm^3$ = 2 ڈبوں نے جتنی جگہ گھیری

$\left(\frac{500}{2}\right) cm^3$ = 1 ڈبے نے جتنی جگہ گھیری

$\left(\frac{500}{2}\times 175\right) cm^3$ = 175 ڈبوں نے جتنی جگہ گھیری

$= \left(\frac{87500}{2}\right) cm^3 = 43750 cm^3$

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا گھیری ہوئی جگہ

ڈبوں کی تعداد اور گھیری ہوئی جگہ میں راست تناسب ہے۔

ڈبوں کی تعداد	گھیری ہوئی جگہ (cm^3 میں)
↑ 2	↑ 500
175	x

$$\frac{x}{500} = \frac{175}{2}$$

$$x = \frac{175}{2}\times 500 = \frac{87500}{2} = 43750$$

پس، 175 ڈبے $43750\ cm^3$ جگہ گھیرتے ہیں۔

7- 200 فوجیوں پر مشتمل ایک فوجی کیمپ میں 60 دنوں کی خوراک موجود ہے۔ یہی خوراک کتنے عرصہ کے لیے کافی ہوگی۔ اگر:

(a) کیمپ میں 160 فوجی کم کردیے جائیں۔

(b) کیمپ میں 240 فوجی مزید بڑھا دیے جائیں۔

(a) حل: اکائی کا طریقہ

60 دن = 200 فوجیوں کے لیے جتنے دن کی خوراک تھی

(60 × 200) دن = 1 فوجی کے لیے جتنے دن کی خوراک تھی

$\left(\frac{60\times 200}{160}\right)$ دن = 160 فوجیوں کے لیے جتنے دن کی خوراک تھی

$= \left(\frac{12000}{160}\right)$ دن = 75 دن

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا دنوں کی تعداد

فوجیوں اور دنوں میں معکوس تناسب ہے۔

فوجیوں کی تعداد	دنوں کی تعداد
↓ 200	↑ 60
160	x

$$\frac{x}{60} = \frac{200}{160}$$

$$x = \frac{200}{160}\times 60 = \frac{12000}{160} = 75$$

پس، یہی خوراک 75 دنوں کے لیے کافی ہوگی۔

(b) حل: اکائی کا طریقہ

60 دن = 200 فوجیوں کے لیے جتنے دن کی خوراک تھی

(60 × 200) دن = 1 فوجی کے لیے جتنے دن کی خوراک تھی

$\left(\frac{60\times 200}{240}\right)$ دن = 240 فوجیوں کے لیے جتنے دن کی خوراک تھی

$= \left(\frac{12000}{240}\right)$ دن = 50 دن

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا دنوں کی تعداد

فوجیوں اور دنوں میں معکوس تناسب ہے۔

downloaded from https://infohubnmsissel.com/

Scanned with CamScanner

دنوں کی تعداد	فوجیوں کی تعداد
↑ 60	↓ 200
x	240

$$\frac{x}{60}=\frac{200}{240}$$

$$x=\frac{200}{240}\times 60=\frac{12000}{240}=50$$

پس، یہی خوراک 50 دنوں کے لیے کافی ہوگی۔

مشق 6.3

1- اگر ایک آدمی 450 میٹر کپڑا 6 گھنٹے میں بُن سکتا ہے۔ تو 14 گھنٹوں میں وہ کتنے میٹر کپڑا بُنے گا؟

حل: کپڑے اور گھنٹوں کے درمیان راست تناسب ہے۔ ہم صورت احوال کو ایسے لکھ سکتے ہیں۔

کپڑا (میٹر میں)	گھنٹے
↑ 450	↑ 6
x	14

$$\frac{x}{450}=\frac{14}{6}$$

$$x=\frac{14}{6}\times 450=\frac{6300}{6}=1050$$

پس، 14 گھنٹوں میں وہ 1050 میٹر کپڑا بُنے گا۔

2- اگر ایک 162 کلومیٹر لمبی سڑک 9 ماہ میں تعمیر کی جا سکتی ہے تو 306 کلومیٹر لمبی روڈ تعمیر کرنے کے لیے کتنے ماہ درکار ہوں گے؟

حل: مہینوں کی تعداد اور سڑک کی لمبائی کے درمیان راست تناسب ہے۔ اس صورتِ احوال کو یوں لکھ سکتے ہیں۔

مہینے	سڑک کی لمبائی (کلومیٹر میں)
↑ 9	↑ 162
x	306

$$\frac{x}{9}=\frac{306}{162}$$

$$x=\frac{306}{162}\times 9=\frac{2754}{162}=17$$

پس، 306 کلومیٹر لمبی روڈ تعمیر کرنے کے لیے 17 ماہ درکار ہوں گے۔

3- 540 آدمی ایک عمارت 7 ماہ میں تعمیر کر سکتے ہیں۔ کتنے آدمی کم کرنے سے اسی عمارت کو 9 ماہ میں تعمیر کیا جا سکتا ہے؟

حل: آدمیوں کی تعداد اور مہینوں کی تعداد کے درمیان راست تناسب ہے۔ اس صورت احوال کو یوں لکھ سکتے ہیں۔

آدمیوں کی تعداد	مہینوں کی تعداد
↑ 540	↓ 7
x	9

$$\frac{x}{540}=\frac{7}{9}$$

$$x=\frac{7}{9}\times 540=\frac{3780}{9}=420$$

جتنے آدمی کم کیے جا سکتے ہیں $= 540 - 420 = 120$

پس، 120 آدمی کم کرنے سے اسی عمارت کو 9 ماہ میں تعمیر کیا جا سکتا ہے۔

4- عاصمہ 5 قمیصیں 14 منٹوں میں استری کر سکتی ہے۔ تو 35 قمیصیں استری کرنے میں اُسے کتنا وقت درکار ہوگا؟

حل: منٹوں اور قمیصوں کی تعداد میں راست تناسب ہے۔ اس صورت احوال کو ہم یوں لکھ سکتے ہیں۔

وقت (منٹوں میں)	قمیصوں کی تعداد
↑ 14	↑ 5
x	35

$$\frac{x}{14}=\frac{35}{5}$$

$$x=\frac{35}{5}\times 14=7\times 14=98$$ منٹ

1 گھنٹہ 38 منٹ = 60 منٹ + 38 منٹ = 98 منٹ

پس، 35 قمیصیں استری کرنے میں اُسے 1 گھنٹہ 38 منٹ درکار ہوگا۔

5- 12 پانی کے پمپ ایک پانی کا ٹینک 20 منٹوں میں خالی کرتے ہیں لیکن اگر 2 پمپ خراب ہو جائیں تو بتائیے باقی پمپوں کو ٹینک خالی کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟

حل: باقی ٹھیک پمپ کی تعداد $= 12 - 2 = 10$

پانی کے پمپ کی تعداد اور وقت کے درمیان معکوس تناسب ہے۔ اس صورتِ احوال کو ہم یوں لکھ سکتے ہیں۔

وقت (منٹوں میں)	پمپ کی تعداد
↑ 20	↓ 12
x	10

$$\frac{x}{12}=\frac{12}{10}$$

$$x=\frac{12}{10}\times 20=\frac{240}{10}=24$$

پس، باقی پمپوں کو ٹینک خالی کرنے میں 24 منٹ لگیں گے۔

downloaded from https://infohubhrmsissd.com/

Scanned with CamScanner

6- 14 گھوڑے ایک میدان کو 25 دنوں میں چر لیتے ہیں۔ بتائیے 35 گھوڑے اسی میدان کو کتنے دنوں میں چر لیں گے؟

حل: گھوڑوں کی تعداد اور دنوں کی تعداد میں معکوس تناسب ہے۔ اس صورتِ احوال کو یوں لکھا جا سکتا ہے۔

دنوں کی تعداد	گھوڑوں کی تعداد
↑ 25	↓ 14
x	35

$$\frac{x}{25} = \frac{14}{35}$$

$$x = \frac{14}{35} \times 25 = \frac{350}{35} = 10 \text{ دن}$$

پس، 35 گھوڑے اِسی میدان کو 10 دنوں میں چر لیں گے۔

7- ایک مزدور 744 میٹر لمبے راستے کو 24 دنوں میں مرمت کر سکتا ہے۔ اگر وہ 589 میٹر لمبے راستے کی مرمت کر چکا ہے تو معلوم کیجیے کہ باقی راستہ وہ کتنے دنوں میں مرمت کرے گا؟

حل: باقی راستے کی لمبائی = 744 میٹر - 589 میٹر = 155 میٹر

راستے کی لمبائی اور دنوں کی تعداد میں راست تناسب ہے۔ اس صورتِ احوال کو یوں لکھا جا سکتا ہے۔

دنوں کی تعداد	راستے کی لمبائی (میٹروں میں)
↑ 24	↑ 744
x	155

$$\frac{x}{24} = \frac{155}{744}$$

$$x = \frac{155}{744} \times 24 = \frac{3720}{744} = 5 \text{ دن}$$

پس، باقی راستہ وہ 5 دنوں میں مرمت کرے گا۔

8- ایک کسان 140 ایکڑز زمین پر 16 گھنٹے ہل چلا سکتا ہے۔ بتائیے 36 گھنٹوں میں وہ کتنے ایکڑ زمین پر ہل چلا سکتا ہے؟

حل: زمین کے رقبہ (ایکڑ) اور گھنٹوں کی تعداد میں راست تناسب ہے۔ اس صورتِ احوال کو یوں لکھا جا سکتا ہے۔

رقبہ (ایکڑ میں)	گھنٹوں کی تعداد
↑ 40	↑ 16
x	36

$$\frac{x}{40} = \frac{36}{16}$$

$$x = \frac{36}{16} \times 40 = \frac{1440}{16} = 90 \text{ ایکڑز}$$

پس، 36 گھنٹوں میں وہ 90 ایکڑز زمین پر ہل چلا سکتا ہے۔

9- ایک برتن دھونے والا 1350 برتن 1 گھنٹے میں دھوتا ہے اگر اسے مزید 16 منٹ اور دیے جائیں تو وہ کل کتنے برتن دھو پائے گا؟

حل: برتن اور وقت کے درمیان راست تناسب ہے۔ اس صورتِ احوال کو یوں لکھا جا سکتا ہے۔

1 گھنٹہ = 60 منٹ

برتن کی تعداد	وقت (منٹ میں)
↑ 1350	↑ 60
x	16

$$\frac{x}{1350} = \frac{16}{60}$$

$$x = \frac{16}{60} \times 1350 = \frac{21600}{60} = 360$$

مزید برتنوں کی تعداد = 1350 + 360

پس، اگر اُسے مزید 16 منٹ اور دیے جائیں تو وہ کل 1710 برتن دھو پائے گا۔

مشق 6.4

1- سپیڈ کی اکائیوں کو میٹر فی سیکنڈ میں تبدیل کیجیے۔

(i) 72 کلومیٹر فی گھنٹہ

حل: سپیڈ = 72 کلومیٹر فی گھنٹہ (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر)

فاصلہ = 72 کلومیٹر (∵ 1 گھنٹہ = 60 منٹ)

وقت = 1 گھنٹہ (∵ 1 منٹ = 60 سیکنڈ)

$$\text{سپیڈ} = \frac{72 \times 1000}{60 \times 60} = \frac{72000}{3600} = 20 \text{ میٹر فی سیکنڈ}$$

(ii) 144 کلومیٹر فی گھنٹہ

حل: سپیڈ = 144 کلومیٹر فی گھنٹہ (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر)

فاصلہ = 144 کلومیٹر (∵ 1 گھنٹہ = 60 منٹ)

وقت = 1 گھنٹہ (∵ 1 منٹ = 60 سیکنڈ)

$$\text{سپیڈ} = \frac{144 \times 1000}{60 \times 60} = \frac{144000}{3600} = 40 \text{ میٹر فی سیکنڈ}$$

(iii) 216 کلومیٹر فی گھنٹہ

حل: سپیڈ = 216 کلومیٹر فی گھنٹہ (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر)

فاصلہ = 216 کلومیٹر (∵ 1 گھنٹہ = 60 منٹ)

وقت = 1 گھنٹہ (∵ 1 منٹ = 60 سیکنڈ)

Scanned with CamScanner

$$\text{سپیڈ} = \frac{216\times1000}{60\times60} = \frac{216000}{3600} = 60$$ میٹر فی سیکنڈ

(iv) 360 کلومیٹر فی گھنٹہ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 360 کلومیٹر فی گھنٹہ

(∵ 1 گھنٹہ = 60 منٹ) فاصلہ = 360 کلومیٹر

(∵ 1 منٹ = 60 سیکنڈ) وقت = 1 گھنٹہ

$$\text{سپیڈ} = \frac{360\times1000}{60\times60} = \frac{360000}{3600} = 100$$ میٹر فی سیکنڈ

(v) 180 کلومیٹر فی گھنٹہ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 180 کلومیٹر فی گھنٹہ

(∵ 1 گھنٹہ = 60 منٹ) فاصلہ = 180 کلومیٹر

(∵ 1 منٹ = 60 سیکنڈ) وقت = 1 گھنٹہ

$$\text{سپیڈ} = \frac{180\times1000}{60\times60} = \frac{180000}{3600} = 50$$ میٹر فی سیکنڈ

(vi) 1152 کلومیٹر فی گھنٹہ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 1152 کلومیٹر فی گھنٹہ

(∵ 1 گھنٹہ = 60 منٹ) فاصلہ = 1152 کلومیٹر

(∵ 1 منٹ = 60 سیکنڈ) وقت = 1 گھنٹہ

$$\text{سپیڈ} = \frac{1152\times1000}{60\times60} = \frac{1152000}{3600} = 320$$ میٹر فی سیکنڈ

2- سپیڈ کی اکائیوں کو کلومیٹر فی گھنٹہ میں تبدیل کیجیے۔

(i) 10 میٹر فی سیکنڈ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 10 میٹر فی سیکنڈ

(∵ 1 میٹر = $\frac{1}{1000}$ کلومیٹر) فاصلہ = 10 میٹر

(∵ 1 گھنٹہ = 3600 سیکنڈ) وقت = 1 سیکنڈ

(∵ 1 سیکنڈ = $\frac{1}{3600}$ گھنٹے)

$$\text{سپیڈ} = \frac{10/1000}{1/3600} = \frac{10\times3600}{1\times1000} = \frac{36000}{1000}$$

سپیڈ = 36 کلومیٹر فی گھنٹہ

(ii) 25 میٹر فی سیکنڈ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 25 میٹر فی سیکنڈ

(∵ 1 میٹر = $\frac{1}{1000}$ کلومیٹر) فاصلہ = 10 میٹر

(∵ 1 گھنٹہ = 3600 سیکنڈ) وقت = 1 سیکنڈ

(∵ 1 سیکنڈ = $\frac{1}{3600}$ گھنٹے)

$$\text{سپیڈ} = \frac{25/1000}{1/3600} = \frac{25\times3600}{1\times1000} = \frac{90000}{1000}$$

سپیڈ = 90 کلومیٹر فی گھنٹہ

(iii) 5 میٹر فی سیکنڈ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 5 میٹر فی سیکنڈ

(∵ 1 میٹر = $\frac{1}{1000}$ کلومیٹر) فاصلہ = 5 میٹر

(∵ 1 گھنٹہ = 3600 سیکنڈ) وقت = 1 سیکنڈ

(∵ 1 سیکنڈ = $\frac{1}{3600}$ گھنٹے)

$$\text{سپیڈ} = \frac{5/1000}{1/3600} = \frac{5\times3600}{1\times1000} = \frac{18000}{1000}$$

سپیڈ = 18 کلومیٹر فی گھنٹہ

(iv) 15 میٹر فی سیکنڈ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 15 میٹر فی سیکنڈ

(∵ 1 میٹر = $\frac{1}{1000}$ کلومیٹر) فاصلہ = 15 میٹر

(∵ 1 گھنٹہ = 3600 سیکنڈ) وقت = 1 سیکنڈ

(∵ 1 سیکنڈ = $\frac{1}{3600}$ گھنٹے)

$$\text{سپیڈ} = \frac{15/1000}{1/3600} = \frac{15\times3600}{1\times1000} = \frac{54000}{1000}$$

سپیڈ = 54 کلومیٹر فی گھنٹہ

(v) 30 میٹر فی سیکنڈ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 30 میٹر فی سیکنڈ

(∵ 1 میٹر = $\frac{1}{1000}$ کلومیٹر) فاصلہ = 30 میٹر

(∵ 1 گھنٹہ = 3600 سیکنڈ) وقت = 1 سیکنڈ

(∵ 1 سیکنڈ = $\frac{1}{3600}$ گھنٹے)

$$\text{سپیڈ} = \frac{30/1000}{1/3600} = \frac{30\times3600}{1\times1000} = \frac{108000}{1000}$$

سپیڈ = 108 کلومیٹر فی گھنٹہ

(vi) 20 میٹر فی سیکنڈ

حل: (∵ 1 کلومیٹر = 1000 میٹر) سپیڈ = 20 میٹر فی سیکنڈ

downloaded from https://infohubhmsissel.com/

Scanned with CamScanner

$(\because$ 1 میٹر $= \frac{1}{1000}$ کلومیٹر$)$

فاصلہ = 20 میٹر

$(\because$ 1 گھنٹہ = 3600 سیکنڈ$)$

وقت = 1 سیکنڈ

$(\because$ 1 سیکنڈ $= \frac{1}{3600}$ گھنٹے$)$

سپیڈ $= \frac{20/1000}{1/3600} = \frac{20 \times 3600}{1 \times 1000} = \frac{72000}{1000}$

سپیڈ = 72 کلومیٹر فی گھنٹہ

3- ارم 4 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے سکول جاتی ہے اور اُسے سکول پہنچنے میں 45 منٹ لگتے ہیں۔ بتائیے سکول اس کے گھر سے کتنے فاصلے پر ہے؟

حل: سپیڈ = 4 کلومیٹر فی گھنٹہ

وقت = 45 منٹ

وقت گھنٹوں میں $= \frac{45}{60}$ گھنٹہ

فاصلہ = ?

ہم جانتے ہیں کہ:

فاصلہ = سپیڈ × وقت $= 4 \times \frac{45}{60} = \frac{180}{60} = 3$ کلومیٹر

پس، سکول اس کے گھر سے 3 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔

4- ایک نان سٹاپ ٹرین لاہور سے شام 4 بجے روانہ ہوتی ہے اور اگلے روز صبح 10 بجے کراچی پہنچتی ہے۔ اگر ٹرین کی سپیڈ 70 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی تو لاہور اور کراچی کے درمیان فاصلہ معلوم کیجیے۔

حل: ٹرین روانہ ہونے کا وقت = شام 4 بجے

ٹرین کے پہنچنے کا وقت = صبح 10 بجے

ٹرین کا کل استعمال کردہ وقت = 18 گھنٹے

ٹرین کی سپیڈ = 70 کلومیٹر فی گھنٹہ

ہم جانتے ہیں کہ:

فاصلہ = سپیڈ × وقت = 18 × 70 = 1260 کلومیٹر

پس، لاہور اور کراچی کے درمیان فاصلہ 1260 کلومیٹر ہے۔

5- ایک سائیکل سوار 30 میٹر لمبے پُل کو $3\frac{1}{4}$ منٹوں میں پار کرتا ہے۔ سائیکل سوار کی سپیڈ معلوم کیجیے۔

حل: فاصلہ = 30 میٹر

وقت منٹوں میں $= 3\frac{1}{4}$ منٹ $= \frac{13}{4}$ منٹ

وقت سیکنڈوں میں $= \frac{13}{4} \times 60 = \frac{780}{4} = 195$ سیکنڈ

سپیڈ = ?

ہم جانتے ہیں کہ:

سپیڈ $= \frac{\text{فاصلہ}}{\text{وقت}}$

سپیڈ $= \frac{\cancel{30}^{\,2}}{\cancel{195}^{\,13}}$ (15 سے تقسیم کرنے پر)

سپیڈ $= \frac{2}{13}$ میٹر فی سیکنڈ

پس، سائیکل سوار کی سپیڈ $\frac{2}{13}$ میٹر فی سیکنڈ ہے۔

6- ایک گاڑی 201 کلومیٹر کا فاصلہ 3 گھنٹوں میں مکمل کرتی ہے۔ بتائیے 7 گھنٹوں میں وہ کتنا فاصلہ طے کرے گی؟

حل: فاصلہ = 201 کلومیٹر

وقت = 3 گھنٹے

7 گھنٹوں میں طے کردہ فاصلہ = ?

اکائی کا طریقہ

3 گھنٹوں میں طے کردہ فاصلہ = 201 کلومیٹر

1 گھنٹے میں طے کردہ فاصلہ $= \left(\frac{201}{3}\right)$ کلومیٹر

7 گھنٹوں میں طے کردہ فاصلہ $= \left(\frac{201}{3} \times 7\right)$ کلومیٹر

7 گھنٹوں میں طے کردہ فاصلہ $= \left(\frac{1407}{3}\right)$ کلومیٹر

7 گھنٹوں میں طے کردہ فاصلہ = 469 کلومیٹر

تناسب کا طریقہ

فرض کیا طے کردہ فاصلہ = x

فاصلہ (کلومیٹر میں)	وقت (گھنٹے میں)
201	3
x	7

$\frac{x}{201} = \frac{7}{3} \Rightarrow x = \frac{7}{3} \times 201 = 469km$

پس، 7 گھنٹوں میں وہ 469 کلومیٹر فاصلہ طے کرے گی۔

7- ایک ٹرک 36 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے چلتا ہے۔ بتائیے 15 سیکنڈوں میں وہ کتنا فاصلہ طے کرے گا؟

downloaded from https://irfanulhamissed.com/

Scanned with CamScanner

حل:
کلومیٹر فی گھنٹہ 36 = سپیڈ
سیکنڈ 15 = وقت
? = فاصلہ

$$\text{سپیڈ} = \frac{36\times1000}{60\times60}$$

$$\text{سپیڈ} = \frac{36000}{3600}$$

میٹر 10 = سپیڈ

ہم جانتے ہیں کہ
وقت × سپیڈ = فاصلہ
میٹر 15 = 10 × 15 = فاصلہ

پس، وہ 15 سیکنڈوں میں 150 میٹر فاصلہ طے کرے گا۔

8- ایک بس صبح 11 بجے اسلام آباد سے روانہ ہوتی ہے اور شام 3 بجے لاہور پہنچ جاتی ہے۔ اگر لاہور اور اسلام آباد کے درمیان فاصلہ 380 کلومیٹر ہے تو بس کی سپیڈ معلوم کیجیے۔

حل: صبح 11 بجے = بس کی روانگی کا وقت
شام 3 بجے = بس کے پہنچنے کا وقت
گھنٹے 4 = بس کا استعمال کردہ وقت
کلومیٹر 380 = لاہور سے اسلام آباد تک کا فاصلہ
? = بس کی سپیڈ

ہم جانتے ہیں کہ

$$\text{سپیڈ} = \frac{\text{فاصلہ}}{\text{وقت}}$$

$$\text{سپیڈ} = \frac{380}{4} = 95 \text{ کلومیٹر فی گھنٹہ}$$

پس، بس کی سپیڈ 95 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔

اعادہ مشق 6

1- دیے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔

(i) راست تناسب کی تعریف کیجیے۔

جواب: اگر ایک نسبت کے بڑھنے یا کم ہونے سے دوسری نسبت اسی حساب سے بڑھے یا کم ہو تو ایسا ربط راست تناسب کہلاتا ہے۔

(ii) مسلسل نسبت کسے کہتے ہیں؟

جواب: اگر 3 پیمائشوں a,b,c کے لیے 2 نسبت a:b اور b:c دی گئی ہوں تب a:b:c مسلسل نسبت کہلاتی ہے۔

(iii) وقت، سپیڈ اور فاصلے کا تعلق ظاہر کرنے کے لیے فارمولا لکھیے۔

جواب: = وقت × رفتار = فاصلہ

(iv) سپیڈ کی تعریف کیجیے۔

جواب: اکائی وقت میں طے کردہ فاصلہ سپیڈ کہلاتا ہے۔

2- خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) فاصلے کا وقت اور سپیڈ سے راست تناسب کا تعلق ہے۔

(ii) کام کرنے والوں کی تعداد اور وقت کے درمیان معکوس تناسب ہوتا ہے۔

(iii) تین مقداروں کی دو نسبتوں کے ملاپ کو مسلسل تناسب کہتے ہیں۔

(iv) وقت × سپیڈ = فاصلہ

(v) $\text{سپیڈ} = \frac{\text{فاصلہ}}{\text{وقت}}$

(vi) دونوں نسبتوں a:b اور b:c میں b مشترک رکن کہلاتا ہے۔

3- درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(i) 36 کلومیٹر فی گھنٹہ کو میٹر فی سیکنڈ میں تبدیل کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

(الف) 1 میٹر فی سیکنڈ (ب) 5 میٹر فی سیکنڈ
(ج) ✓ 10 میٹر فی سیکنڈ (د) 20 میٹر فی سیکنڈ

(ii) دو واقعات کا درمیانی وقفہ کہلاتا ہے۔

(الف) ✓ وقت (ب) سپیڈ
(ج) فاصلہ (د) نسبت

(iii) اگر 20:x=2:5 ہو تو ________=x

(الف) 50 (ب) 2 (ج) $\frac{1}{2}$ (د) ✓ 8

(iv) ایک آدمی 1 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے چل رہا ہے۔ 30 منٹوں میں وہ فاصلہ طے کرے گا۔

(الف) $\frac{1}{4}$ کلومیٹر (ب) $\frac{1}{3}$ کلومیٹر
(ج) ✓ $\frac{1}{2}$ کلومیٹر (د) $\frac{1}{5}$ کلومیٹر

4- خالی خانے پُر کیجیے جب کہ x اور y کے درمیان راست تناسب ہے۔

x	2	4	6	8	10
y	4		12	16	

حل: ہم جانتے ہیں کہ x اور y کے درمیان راست تناسب ہے۔ لہٰذا:

downloaded from https://mnmbhmssised.com/
Scanned with CamScanner

$x \propto y$

$x = ky$

$k = \frac{x}{y}$

اگر $x = 6$ اور $y = 12$ ہو تو

$k = \frac{\cancel{6}^{1}}{\cancel{12}_{2}}$ 6 سے تقسیم کرنے پر $k = \frac{1}{2}$

اگر $x = 4$ ہو تو y کی قیمت ہوگی:

$k = \frac{x}{y}$

$\frac{1}{2} = \frac{4}{y}$

کراس ضرب سے

$1 \times y = 2 \times 4$

$y = 8$

اگر $x = 10$ ہو تو y کی قیمت ہوگی:

$k = \frac{x}{y}$

$\frac{1}{2} = \frac{10}{y}$

کراس ضرب سے

$1 \times y = 2 \times 10$

$y = 20$

اب نامعلوم قیمتوں کو جدول میں لکھیں۔

x	2	4	6	8	10
y	4	8	12	16	20

5- خالی خانے پُر کیجیے جب کہ x اور y کے درمیان معکوس تناسب ہے۔

x	1	2	4	6	18
y	24	12			3

حل: ہم جانتے ہیں کہ x اور y کے درمیان معکوس تناسب ہے۔ لہٰذا:

$x \propto \frac{1}{y}$ $x = \frac{k}{y}$

$xy = k$

$\Rightarrow k = xy$

اگر $x = 1$ اور $y = 24$ ہو تو:

$k = xy$

$k = 1 \times 24$

$k = 24$

اگر $x = 4$ ہو تو y کی قیمت ہوگی:

$k = xy$

$24 = 4 \times y$

$\frac{24}{4} = y \Rightarrow y = 6$

اگر $x = 6$ ہو تو y کی قیمت ہوگی:

$k = xy$

$24 = 6 \times y$

$\frac{24}{6} = y \Rightarrow y = 4$

اب نامعلوم قیمتوں کو جدول میں لکھیں۔

x	1	2	4	6	8
y	24	12	6	4	3

6- ایک جماعت میں 8 آئس کریم 5 طلبا پر مشتمل ہر گروپ کو پیش کی جاتی ہیں۔ اگر جماعت میں کُل 40 طلبا ہیں تو کُل کتنی آئس کریم پیش کی جائیں گی؟

حل:

اکائی کا طریقہ

5 طلبا کو پیش کی جاتی ہیں = 8 آئس کریم

1 طالب علم کو پیش کی جاتی ہے = $\left(\frac{8}{5}\right)$ آئس کریم

40 طلبا کو پیش کی جاتی ہیں = $\left(\frac{8}{5} \times 40\right)$ آئس کریم

40 طلبا کو پیش کی جاتی ہیں = $\frac{64}{5}$ آئس کریم

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا آئس کریم کی تعداد

طلبا	آئس کریم
5	8
40	x

$\frac{x}{8} = \frac{40}{5}$

$x = \frac{40}{5} \times 8 = \frac{320}{5} = 64$

پس، اگر جماعت میں 40 طلبا ہوں تو اُن کو کُل 64 آئس کریم پیش کی جائیں گی۔

7- 50 لڑکیوں کے ایک ہاسٹل میں 40 دنوں کے لیے خوراک موجود ہے۔ اگر ہاسٹل میں 30 لڑکیاں اور آ جائیں تو بتائیے یہی خوراک کتنے دن چل پائے گی؟

حل:

اکائی کا طریقہ

50 لڑکیوں کے لیے خوراک = 40 دن

1 لڑکی کے لیے خوراک = (40×50) دن

مزید جتنی لڑکیاں آئیں = 30

لڑکیوں کی کل تعداد = $30 + 50 = 80$

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

دن $\left(\frac{40\times 50}{80}\right)$ = 80 لڑکیوں کے لیے خوراک

= $\left(\frac{2000}{80}\right)$ دن = 25 دن

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا دنوں کی تعداد

30 = مزید جتنی لڑکیاں آئیں

30 + 50 = 80 = لڑکیوں کی کل تعداد

لڑکیوں کی تعداد اور دنوں میں تناسب معکوس ہے۔

دنوں کی تعداد	لڑکیوں کی تعداد
40 ↑	50 ↓
x	80

$$\frac{x}{40} = \frac{50}{80}$$

$$x = \frac{50}{80}\times 40 = \frac{2000}{80} = 25$$ دن

پس، یہ ہی خوراک 25 دن چلے گی۔

8- اگر 721 آدمی ایک پُل 48 دنوں میں تعمیر کر لیتے ہیں تو وہی پُل 1648 لوگ کتنے دنوں میں تعمیر کریں گے؟

حل: **اکائی کا طریقہ**

48 دن = 721 آدمی جتنے دنوں میں پل تعمیر کر سکتے ہیں

(48 × 721) دن = 1 آدمی جتنے دنوں میں پل تعمیر کر سکتا ہے

دن $\left(\frac{48\times 721}{1648}\right)$ = 1648 آدمی جتنے دنوں میں پل تعمیر کر سکتے ہیں

= $\left(\frac{34608}{1648}\right)$ دن = 21 دن

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا دنوں کی تعداد

دنوں کی تعداد	آدمیوں کی تعداد
48 ↑	721 ↓
x	1648

$$\frac{x}{48} = \frac{721}{1648}$$

$$x = \frac{721}{1648}\times 48 = \frac{34608}{1648} = 21$$ دن

پس، وہی پل 1648 آدمی 21 دنوں میں تعمیر کریں گے۔

9- ایک رکشہ 36 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے سفر کرتا ہے تو 20 سیکنڈوں میں وہ کتنا فاصلہ طے کرے گا؟

حل:

سپیڈ = 36 کلومیٹر فی گھنٹہ

وقت = 20 سیکنڈ

سپیڈ میٹر میں = $\frac{36\times 1000}{60\times 60}$ گھنٹہ

سپیڈ = $\frac{36000}{3600}$ = 10 میٹر

ہم جانتے ہیں کہ فاصلہ = سپیڈ × وقت

فاصلہ = 10 × 20

فاصلہ = 200 میٹر

10- ایک بس 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے کوئی فاصلہ 3 گھنٹوں میں طے کرتی ہے۔ یہی فاصلہ 80 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے کتنے وقت میں طے ہوگا؟

حل: **اکائی کا طریقہ**

3 گھنٹے = 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے طے کردہ فاصلہ

(3x60) گھنٹے = 1 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے طے کردہ فاصلہ

گھنٹے $\left(\frac{3\times 60}{80}\right)$ = 80 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے طے کردہ فاصلہ

= $\frac{180}{80}$ گھنٹے = $\frac{9}{4}$ گھنٹے = $2\frac{1}{4}$ گھنٹے

تناسب کا طریقہ

x = فرض کیا وقت

وقت (گھنٹوں میں)	سپیڈ (کلومیٹر فی گھنٹہ)
3 ↑	60 ↓
x	80

$$\frac{x}{3} = \frac{60}{80} \qquad x = \frac{60}{80}\times 3$$

$$x = \frac{180^{9}}{80_{4}}$$ 20 سے تقسیم کرنے پر

$$x = \frac{9}{4} = 2\frac{1}{4}$$ گھنٹے

پس، یہی فاصلہ 80 کلومیٹر فی گھنٹہ کی سپیڈ سے $2\frac{1}{4}$ گھنٹے میں طے ہوگا۔

downloaded from https://infohubhrmsseed.com/

Scanned with CamScanner

کثیر الانتخابی سوالات

سوال نمبر 1. مشترک عنصر کو ہمیشہ تناسب کے لکھتے ہیں:
(a) دائیں طرف (b) بائیں طرف (c) درمیان میں (d) نیچے کی طرف

سوال نمبر 2. اگر a : b = 1 : 3 ہے اور b : c = 2:5 ہو تو a : c ہوگا:
(a) 2 : 15 (b) 6 : 15 (c) 2 : 6 (d) 15 : 2

سوال نمبر 3. تناسب میں چوتھا عنصر کہلاتا ہے:
(a) پہلا تناسب (b) دوسرا تناسب (c) تیسرا متناسب (d) چوتھا متناسب

سوال نمبر 4. وقت کا تناسب راست ہے:
(a) وقت سے (b) رفتار سے (c) کام سے (d) سپیڈ سے

سوال نمبر 5. ایک منٹ میں سیکنڈ ہوتے ہیں:
(a) 30 (b) 80 (c) 60 (d) 120

سوال نمبر 6. 1 کلومیٹر = :
(a) 250 میٹر (b) 500 میٹر (c) 750 میٹر (d) 1000 میٹر

انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1. دی گئی مساواتوں میں x کی قیمت معلوم کریں۔

(a) 4:7 = x:5

حل: 4 : 7 = x : 5

$$\frac{4}{7} = \frac{x}{5}$$
$$x \times 7 = 4 \times 5$$
$$x = \frac{20}{7} = 2\frac{6}{7}$$

(b) 18:7 = 10:x

حل: 18 : 7 = 10 : x

$$\frac{18}{7} = \frac{10}{x}$$
$$x \times 18 = 7 \times 10$$
$$x = \frac{70}{18} = \frac{35}{9} = 3\frac{8}{9}$$

(c) 9:x = 24:88

حل: 9 : x = 24 : 88

$$\frac{9}{x} = \frac{24}{88}$$
$$x \times 24 = 9 \times 88$$
$$x = \frac{9 \times 88}{24} = 33$$

سوال نمبر 2. a:b:c میں مسلسل تناسب معلوم کریں اگر

(a) a:b = 3:4 اور c:b = 5:6

حل:

a	:	b	:	c
3	:	4		
		6	:	5
18	:	24	:	20

18 : 24 : 20

(2 سے تقسیم کرنے پر)

9 : 12 : 10

a : b : c = 9 : 12 : 10

(b) a:b = 10:1 اور b:c = 8:3

حل:

a	:	b	:	c
10	:	1		
		8	:	3
80	:	8	:	3

a : b : c = 80 : 8 : 3

(c) a:c = 3:2 اور b:c = 1:4

حل:

a	:	c	:	b
3	:	2		
		4	:	1
12	:	8	:	2

(2 سے تقسیم کرنے پر)

a : b : c = 6 : 1 : 4

یونٹ نمبر 7 مالی امور سے متعلق حساب

مشق 7.1

1- ہر چیز کی وہ قیمت معلوم کیجیے جو گاہک کو 16% ٹیکس کے ساتھ ادا کرنا ہوگی۔

(i) فٹ بال = 800 روپے

حل: ٹیکس = 16%

فٹ بال کی قیمت = 800 روپے

ٹیکس بحساب 16 فی صد = 800 روپے کا 16 فی صد

$= \frac{16}{100} \times 800 = \frac{12800}{100}$ = 128 روپے

گاہک جتنی رقم ادا کرے گا = 800 روپے + 128 روپے

= 928 روپے

(ii) ریکٹس = 1250 روپے

حل: ٹیکس = 16%

ریکٹس کی قیمت = 1250 روپے

Scanned with CamScanner

1250 روپے کا 16 فی صد = ٹیکس بحساب 16 فی صد

$= \frac{16}{100} \times 1,250 = \frac{20,000}{100} = 200$ روپے

200 روپے + 1250 روپے = گاہک جتنی رقم ادا کرے گا

= 1450 روپے

(iii) ہاکی = 1650 روپے

حل: ٹیکس = 16%

ہاکی کی قیمت = 1650 روپے

1650 روپے کا 16 فی صد = ٹیکس بحساب 16 فی صد

$= \frac{16}{100} \times 1650 = \frac{26,400}{100} = 264$ روپے

264 روپے + 1650 روپے = گاہک جتنی رقم ادا کرے گا

= 1914 روپے

(iv) بلا = 2100 روپے

حل: ٹیکس = 16%

بلے کی قیمت = 2100 روپے

2100 روپے کا 16 فی صد = ٹیکس بحساب 16 فی صد

$= \frac{16}{100} \times 2100 = \frac{33600}{100} = 336$ روپے

336 روپے + 2100 روپے = گاہک جتنی رقم ادا کرے گا

= 2436 روپے

2- 948,000 روپے مالیت کی ایک پراپرٹی پر 1.5% کی شرح سے پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجیے۔

حل: پراپرٹی کی مالیت = 948,000 روپے

پراپرٹی ٹیکس کی شرح = 1.5%

پراپرٹی ٹیکس کی رقم = ?

948,000 روپے کا 1.5 فی صد = پراپرٹی ٹیکس کی رقم

پراپرٹی ٹیکس کی رقم $= \frac{15}{10} \times \frac{1}{100} \times 948,000$

پراپرٹی ٹیکس کی رقم $= \frac{14,220,000}{1000} = 14,220$ روپے

پس، 1.5 فی صد کی شرح سے پراپرٹی ٹیکس 14,220 روپے ہے۔

3- حارث نے 0.8% کی شرح سے 2068 روپے کا پراپرٹی ٹیکس ادا کیا۔ پراپرٹی ٹیکس کی مالیت معلوم کیجیے۔

حل: پراپرٹی ٹیکس = 2068 روپے

ٹیکس کی شرح = 0.8%

پراپرٹی کی مالیت = ?

پراپرٹی ٹیکس = 0.8% × پراپرٹی کی مالیت

پراپرٹی کی مالیت $= \frac{8}{10} \times \frac{1}{100} \times 2068$

پراپرٹی کی مالیت $= \frac{10 \times 100 \times 2068}{8} = \frac{2068000}{8}$

پراپرٹی کی مالیت = 258,500 روپے

پس، پراپرٹی کی مالیت 258,500 روپے ہے۔

4- 18720 روپے کا پراپرٹی ٹیکس ادا کیا گیا جبکہ پراپرٹی کی مالیت 1,560,000 روپے تھی۔ معلوم کیجیے کہ پراپرٹی ٹیکس کتنے فی صد ہے؟

حل: پراپرٹی ٹیکس کی رقم = 18,720 روپے

پراپرٹی کی مالیت = 1,560,000 روپے

پراپرٹی ٹیکس فی صد میں = ?

پراپرٹی ٹیکس = پراپرٹی ٹیکس فی صد میں × پراپرٹی کی مالیت

18,720 = پراپرٹی ٹیکس فی صد میں × 1,560,000

پراپرٹی ٹیکس فی صد میں $= \frac{187,200}{1,560,000}$

پراپرٹی ٹیکس فی صد میں = 0.012

پراپرٹی ٹیکس فی صد میں = 0.012 × 100 = 1.2%

پس، پراپرٹی ٹیکس 1.2% ہے۔

5- ایک کھلونے کی قیمت بشمول 5% جنرل سیلز ٹیکس 945 روپے ہے۔ کھلونے کی اصل قیمت معلوم کیجیے۔

حل: کھلونے کی قیمت = 945 روپے

جنرل سیلز ٹیکس = 5%

پراپرٹی ٹیکس = ?

کھلونے کی فی صد قیمت = 100% + 5%

کھلونے کی فی صد قیمت = 105%

اکائی کا طریقہ استعمال کرتے ہوئے

کھلونے کی 105% قیمت = 945 روپے

کھلونے کی 1% قیمت $= \left(\frac{945}{105}\right)$ روپے

کھلونے کی 100% قیمت $= \left(\frac{945}{105} \times 100\right)$ روپے

کھلونے کی 100% قیمت $= \left(\frac{94500}{105}\right)$ روپے = 900 روپے

پس، کھلونے کی اصل قیمت 900 روپے ہے۔

downloaded from https://infohubmissised.com/

Scanned with CamScanner

6- 650,000 روپے کی مالیت کی ایک پراپرٹی پر 1.8% کی شرح سے پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجیے۔

حل: پراپرٹی کی مالیت = 650,000 روپے

ٹیکس کی شرح = 1.8%   پراپرٹی ٹیکس = ?

پراپرٹی ٹیکس = 650,000 روپے کا 1.8 فی صد

$$\text{پراپرٹی ٹیکس} = \frac{18}{10} \times \frac{1}{100} \times 650,000$$

$$\text{پراپرٹی ٹیکس} = \frac{11,700,000}{1000} = 11,700 \text{ روپے}$$

پس، پراپرٹی ٹیکس کی رقم 11,700 روپے ہے۔

7- فرح نے 2% کی شرح سے 9240 روپے کا پراپرٹی ٹیکس ادا کیا۔ اس کی پراپرٹی کی مالیت معلوم کیجیے۔

حل: ادا کردہ پراپرٹی ٹیکس = 9240 روپے

ٹیکس کی شرح = 2%

پراپرٹی کی مالیت = ?

پراپرٹی ٹیکس = 2% × پراپرٹی کی مالیت

9240 = 2% × پراپرٹی کی مالیت

$$9240 = \frac{2}{100} \times \text{پراپرٹی کی مالیت}$$

$$\text{پراپرٹی کی مالیت} = \frac{100 \times 9240}{2} = \frac{924000}{2}$$

پراپرٹی کی مالیت = 462,000 روپے

پس، پراپرٹی کی مالیت 462,000 روپے ہے۔

8- ایک بائیسکل کی قیمت بشمول 8% جنرل سیلز ٹیکس 6480 روپے ہے۔ بائیسکل کی اصل قیمت کیا ہے؟

حل: بائیسکل کی قیمت = 6480 روپے

جنرل سیلز ٹیکس = 8%   اصل قیمت = ?

بائیسکل کی فی صد قیمت = 100% + 8% = 108%

اکائی کا طریقہ استعمال کرتے ہوئے

بائیسکل کی 108% قیمت = 6480 روپے

$$\text{بائیسکل کی 1\% قیمت} = \left(\frac{6480}{108}\right) \text{روپے}$$

$$\text{بائیسکل کی 100\% قیمت} = \left(\frac{6480}{108} \times 100\right)$$

$$\text{بائیسکل کی 100\% قیمت} \left(\frac{648000}{108}\right) \text{روپے} = 6000 \text{ روپے}$$

پس، بائیسکل کی اصل قیمت 6000 روپے ہے۔

مشق 7.2

1- فارمولا کی مدد سے نامعلوم مقداریں معلوم کیجیے۔

	شرح	مدت وقت	پرنسپل رقم	مارک اپ
(I)	12%	2 سال	500 روپے	

حل: پرنسپل رقم (P) = 500 روپے

مدت وقت (T) = 2 سال

مارک اپ شرح (R) = 12%

مارک اپ = ?

$$\text{فارمولا کے استعمال سے} \quad \text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$$

$$= \frac{12 \times 500 \times 2}{100} = \frac{12000}{100} = 120 \text{ روپے}$$

	شرح	مدت وقت	پرنسپل رقم	مارک اپ
(II)	8%	1 سال		205 روپے

حل: مارک اپ = 205 روپے

مدت وقت (T) = 1 سال

مارک اپ شرح (R) = 8%   پرنسپل رقم (P) = ?

$$\text{فارمولا کے استعمال سے} \quad \text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$$

$$205 = \frac{8 \times P \times 1}{100}$$

$$\frac{205 \times 100}{8} = P$$

$$P = \frac{20500}{8} = 2562.5 \text{ روپے}$$

	شرح	مدت وقت	پرنسپل رقم	مارک اپ
(III)		10 سال	1650 روپے	528 روپے

حل: مارک اپ = 528 روپے

پرنسپل رقم (P) = 1650 روپے   مدت وقت (T) = 10 سال

مارک اپ شرح (R) = ?

فارمولا کے استعمال سے

downloaded from https://infohubhmissed.com/

Scanned with CamScanner

$$\text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$$

$$528 = \frac{R \times 1650 \times 10}{100}$$

$$\frac{528 \times 100}{1650 \times 10} = R$$

$$R = \frac{5280}{16500} = 3.2\%$$

	مارک اپ	پرنسپل رقم	مدت وقت	شرح
(iv)	350 روپے	3,500 روپے	☐	2.5%

حل: مارک اپ = 350 روپے

(P) پرنسپل رقم = 3,500 روپے

(T) مدت وقت = ?

(R) مارک اپ شرح = 2.5%

فارمولا کے استعمال سے

$$\text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$$

$$350 = \frac{2.5 \times 3500 \times T}{100}$$

$$T = \frac{350 \times 100}{2.5 \times 3500} = \frac{35000}{8750}$$

T = 4 سال

	مارک اپ	پرنسپل رقم	مدت وقت	شرح
(v)	☐	100,000 روپے	3 سال	1.25%

حل: مارک اپ = ?

(P) پرنسپل رقم = 100,000 روپے

(T) وقت مدت = 3 سال

(R) مارک اپ شرح = 1.25%

فارمولا کے استعمال سے

$$\text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$$

$$= \frac{1.25 \times 100{,}000 \times 3}{100} = \frac{375{,}000}{100} = 3750$$ روپے

	مارک اپ	پرنسپل رقم	مدت وقت	شرح
(vi)	1,050 روپے	☐	5 سال	4.5%

حل: مارک اپ = 1050 روپے

(P) پرنسپل رقم = ?

(T) وقت مدت = 5 سال

(R) مارک اپ شرح = 4.5%

فارمولا کے استعمال سے

$$\text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$$

$$1050 = \frac{4.5 \times P \times 5}{100}$$

$$P = \frac{1050 \times 100}{4.5 \times 5} = \frac{105000}{22.5} = 4667$$ روپے

2- عدنان نے 96 انڈے بحساب 40 روپے فی درجن خریدے اور 4 روپے فی انڈہ کے حساب سے بیچ دیے۔ اگر ان میں سے 3 انڈے خراب ہوں تو نفع فیصد معلوم کیجیے۔

حل: 96 انڈوں کی قیمت = 40 روپے فی درجن

فی انڈہ قیمت = 4 روپے

خراب انڈوں کی تعداد = 3

نفع فی صد = ?

96 انڈے = $\frac{96}{12}$ درجن = 8 درجن

8 درجن انڈوں کی قیمت بحساب 40 روپے = 8 × 40

8 درجن انڈوں کی قیمت بحساب 40 روپے = 320 روپے

باقی صحیح انڈے = 96 - 3 = 93

صحیح انڈوں کی قیمت = 93 x 4 = 372

نفع = قیمت فروخت - قیمت خرید

= 372 روپے - 320 روپے = 52 روپے

$$\text{نفع}\% = \frac{\text{نفع}}{\text{قیمت خرید}} \times 100\% = \frac{52}{320} \times 100\%$$

= 0.1625 × 100% = 16.25%

پس، نفع فی صد 16.25 ہے۔

3- اگر کسی موبائل کا 16% نفع 832 روپے ہو تو موبائل کی قیمت خرید معلوم کیجیے۔

حل: نفع = 832 روپے

نفع% = 16%

موبائل کی قیمت خرید = ?

فارمولا کے استعمال سے

$$\text{قیمت خرید} = \frac{\text{نفع}}{\text{نفع}\%} \times 100 = \frac{832}{16} \times 100$$

= 52 × 100 = 5200 روپے

پس، موبائل کی قیمت خرید 5200 روپے ہے۔

Downloaded from https://infohubhmsged.com/

Scanned with CamScanner

4- ضیا نے ایک خراب کلاک 750 روپے میں خرید کر اس کی مرمت پر 425 روپے خرچ کیے۔ کلاک کی قیمت فروخت کیا ہونی چاہیے اگر ضیا اس سے 25% منافع کمانا چاہتا ہے۔

حل:

قیمت خرید = 750 روپے

مرمت پر خرچ = 425 روپے　　منافع = 25%

گاڑی کی قیمت فروخت = ?

کلاک پر کل خرچ = 750 روپے + 425 روپے = 1175 روپے

کل خرچ پر نفع 25 فی صد = کلاک پر کل خرچ × 25%

کل خرچ پر نفع 25 فی صد = 1175 × 25%

کل خرچ پر نفع 25 فی صد $= 1175 \times \frac{25}{100}$

کل خرچ پر نفع 25 فی صد $= \frac{29,375}{100}$ = 293.75 روپے

قیمت فروخت = کلاک پر کل خرچ + کل خرچ پر نفع 25 فی صد

= 1175 روپے + 293.75 روپے = 1468.75 روپے

پس، کلاک کی قیمت فروخت 1468.75 روپے ہے۔

5- 75,500 روپے کی پرنسپل رقم پر 9% سالانہ کی شرح سے 4 سال کا مارک اپ معلوم کیجیے۔

حل:

مارک اپ = ?

پرنسپل رقم (P) = 75,500 روپے

مارک اپ شرح (R) = 9%

وقت مدت (T) = 4 سال

فارمولا کے استعمال سے

$$\text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$$

$$= \frac{9 \times 75,500 \times 4}{100} = \frac{2,718,000}{100}$$

= 27,180 روپے

6- اُجالا نے ایک گاڑی 280,000 روپے میں خرید کر 12000 روپے مزید اس پر خرچ کیے۔ اگر وہ 7.5% منافع حاصل کرنا چاہتی ہو تو گاڑی کی قیمت فروخت کیا ہونا چاہیے؟

حل:

گاڑی کی قیمت خرید = 280,000 روپے

گاڑی پر خرچ = 12,000 روپے

گاڑی کی کل قیمت خرید = 280,000 روپے + 12,000 روپے

= 292,000 روپے

کل خرچ پر 7.5% نفع = گاڑی کی کل قیمت خرید × 7.5%

کل خرچ پر 7.5% نفع $= 292,000 \times 7.5 \times \frac{1}{100}$

$$= \frac{2,190,000}{100} = 21,900 \text{ روپے}$$

گاڑی کی قیمت فروخت = گاڑی کی کل قیمت خرید + کل خرچ پر 7.5% نفع

= 292,000 روپے + 21,900 روپے

= 313,900 روپے

پس، گاڑی کی قیمت فروخت 313,900 روپے ہونی چاہیے۔

7- ایک بائیسکل کی قیمت بشمول مارک اپ 5610 روپے ہے اگر مارک اپ کی شرح 5% سالانہ ہو تو 146 دن کا مارک اپ معلوم کیجیے۔

حل:

پرنسپل رقم (P) = 5610 روپے

مارک اپ شرح (R) = 5%　　وقت مدت (T) = 146 دن

(∵ 1 سال = 365 دن)　　وقت مدت (T) $= \frac{146}{365}$ سال

وقت مدت (T) $= \frac{2}{5}$ سال

فارمولا کے استعمال سے　　$\text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$

$$= \frac{5 \times 5610 \times \frac{2}{5}}{100} = \frac{5610 \times 2}{100} = \frac{11,220}{100}$$

مارک اپ = 112.2 روپے

پس، 146 دن کا مارک اپ 112.2 روپے ہے۔

8- خوشی نے 100,000 روپے میں کمپیوٹر خریدا اور اس پر 2 سال کے لیے 25000 روپے کا مارک اپ ادا کیا۔ خوشی نے مارک اپ کس شرح سے ادا کیا؟

حل:

مارک اپ = 25,000 روپے

پرنسپل رقم (P) = 100,000 روپے

وقت مدت (T) = 2 سال　　مارک اپ شرح (R) = ?

فارمولا کے استعمال سے　　$\text{مارک اپ} = \frac{RPT}{100}$

$$25,000 = \frac{R \times 100,000 \times 2}{100}$$

$$\frac{25000 \times 100}{100,000 \times 2} = R$$

$$R = \frac{2,500,000}{200,000} = 12.5\%$$

پس، خوشی نے مارک اپ 12.5 فی صد ادا کیا۔

downloaded from https://infosubmissed.com/

Scanned with CamScanner

مشق 7.3

-1 نوشین کے پاس 62,480 روپے کی رقم ایک سال تک رہی۔ بتائیے نوشین کتنی زکوٰۃ ادا کرے گی؟

حل: رقم = 62,480 روپے

زکوٰۃ کی شرح = 2.5% زکوٰۃ کی رقم = ?

زکوٰۃ کی رقم = 62,480 روپے کا 2.5 فی صد

$= \left(2.5 \times \frac{1}{100} \times 62,480\right)$ روپے

زکوٰۃ کی رقم = $\left(\frac{156,200}{100}\right)$ روپے = 1,562 روپے

پس، نوشین 1562 روپے زکوٰۃ ادا کرے گی۔

-2 صبا نے 2250 روپے بطور زکوٰۃ ادا کیے۔ اس کی رقم کی کتنی مالیت ہے؟

حل: ادا کردہ زکوٰۃ = 2250 روپے

رقم = ? زکوٰۃ کی شرح = 2.5%

زکوٰۃ کی رقم = 2.5% × رقم

رقم = $\frac{2,250}{2.5\%}$ روپے

رقم = $\frac{2,250}{\frac{25}{100}}$

رقم = $\frac{100 \times 2250}{25}$

رقم = $\frac{225000}{25}$ = 9000 روپے

پس، اس کی رقم کی مالیت 9000 روپے ہے۔

-3 مریم نے 6075 روپے بطور زکوٰۃ دیے۔ اس کے پاس کتنی رقم ہے؟

حل: ادا کردہ زکوٰۃ = 6075 روپے

رقم = ? زکوٰۃ کی شرح = 2.5%

زکوٰۃ کی رقم = 2.5% × رقم

رقم = $\frac{6,075}{2.5\%}$ روپے

$= \frac{6,075}{\frac{25}{1000}}$ روپے $= \frac{1000 \times 6075}{25}$ روپے

$= \frac{6,075,000}{25}$ روپے = 243,000 روپے

پس، اس کے پاس 243,000 روپے ہے۔

-4 سلیم نے چاول کی فصل سے 114,700 روپے کمائے اور 5% کی شرح سے عُشر ادا کیا۔ بتائیے اس نے عُشر کی کتنی رقم ادا کی؟

حل: رقم = 114,700 روپے

عُشر کی شرح = 5% عُشر کی رقم = ?

عُشر کی رقم = 114,700 روپے کا 5 فی صد

عُشر کی رقم = $\left(\frac{5}{100} \times 114,700\right)$ روپے

عُشر کی رقم = $\left(\frac{573,500}{100}\right)$ روپے = 5,735 روپے

پس، اُس نے 5,735 روپے ادا کیے۔

-5 نبیل نے 398,160 روپے کے سیب فروخت کیے اور 10% عُشر ادا کیا۔ عُشر کی رقم معلوم کیجیے۔

حل: سیبوں کی قیمت فروخت = 398,160 روپے

عُشر کی شرح = 10% عُشر کی رقم = ?

عُشر کی رقم = 398,160 روپے کا 10 فی صد

عُشر کی رقم = $\left(\frac{10}{100} \times 398,160\right)$

عُشر کی رقم = $\left(\frac{3,981,600}{100}\right)$ = 39,816 روپے

پس، عُشر کی رقم 39,816 روپے ہے۔

-6 شمع کی سالانہ بچت 222,000 روپے ہے۔ بتائیے وہ کتنی زکوٰۃ ادا کرے گی؟

حل: سالانہ بچت = 222,000 روپے

زکوٰۃ کی شرح = 2.5 زکوٰۃ کی رقم = ?

زکوٰۃ کی رقم = 222,000 روپے کا 2.5 فی صد

زکوٰۃ کی رقم = $\left(2.5 \times \frac{1}{100} \times 222,000\right)$ روپے

زکوٰۃ کی رقم = $\left(\frac{555,000}{100}\right)$ روپے = 5,550 روپے

پس، وہ 5,550 روپے زکوٰۃ ادا کرے گی۔

-7 نحل نے 10% شرح سے عُشر کی رقم 7985 روپے ادا کی۔ بتائیے عُشر کتنی رقم پر تھا؟

حل: عُشر کی رقم = 7,895 روپے رقم = ?

عُشر کی شرح = 10%

عُشر کی رقم = 10% × رقم

Scanned with CamScanner

رقم × 10% = 7,895 روپے

$$\text{رقم} = \frac{7895}{10\%} = \frac{7895}{\frac{10}{100}}$$

$$= \frac{100 \times 7895}{10} = \frac{7,89,500}{10} = 78950 \text{ روپے}$$

پس، عُشر 78,950 روپے پر تھا۔

8- ایک کسان کو 88,460 روپے حاصل ہوئے۔ 5% کی شرح سے عُشر کی رقم بتایئے نیز باقی بچ جانے والی اصل رقم بھی بتایئے۔

حل: عُشر کی رقم = 88,460 روپے

عُشر کی شرح = 5% اصل رقم = ?

عُشر کی رقم = 5% × اصل رقم

88,460 = 5% × اصل رقم

$$\text{اصل رقم} = \frac{88,460}{5\%}$$

$$\text{اصل رقم} = \frac{88,460}{\frac{5}{100}}$$

$$= \frac{88,460 \times 100}{5} = \frac{8,84,6000}{5} = 1,769,200 \text{ روپے}$$

پس، باقی بچ جانے والی اصل رقم 1,769,200 روپے ہے۔

اعادہ مشق 7

1- درج ذیل سوالوں کے جوابات دیجیے۔

(i) ٹیکس کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

جواب: ٹیکس اُس رقم کو کہتے ہیں جو گورنمنٹ اپنے معاملات چلانے کے لیے ایک مخصوص شرح میں عوام سے وصول کرتی ہے۔

(ii) جنرل سیلز ٹیکس کی تعریف کریں۔

جواب: وہ ٹیکس جو ایک خریدار کسی بیچنے والے کو کوئی چیز خریدتے وقت ادا کرتا ہے۔ جنرل سیلز ٹیکس کہلاتا ہے۔

(iii) منافع اور مارک اپ کے درمیان میں کیا فرق ہوتا ہے؟

جواب: منافع اور مارک اپ میں فرق: نفع کا مطلب وہ آمدنی ہوتی ہے جو کسی چیز کو بیچنے پر حاصل ہو اور مارک اپ وہ رقم ہوتی ہے جو قیمت فروخت جاننے کے لیے قیمت خرید میں جمع کی جاتی ہے۔

(iv) اسلام نے زکوۃ کی شرح کیا رکھی ہے؟

جواب: اسلام نے زکوۃ کی شرح 2.5% مقرر رکھی ہے۔

(v) عُشر کیا ہے؟

جواب: عُشر کا مطلب ہے دسواں حصہ۔ یہ ایک اسلامی ٹیکس ہے جو زرعی پیداوار پر ادا کیا جاتا ہے۔ یہ قدرتی ذرائع مثلاً بارش، چشموں اور ندی نالوں کے ذریعے کی جانے والی پیداوار پر 10% شرح کے حساب سے اور مصنوعی ذرائع مثلاً نہروں اور ٹیوب ویلوں کے ذریعے بہائی جانے والی زرعی پیداوار پر 5% کے حساب سے ادا کیا جاتا ہے۔

2- خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) ایسا ٹیکس جو پراپرٹی پر لیا جائے، پراپرٹی ٹیکس کہلاتا ہے۔

(ii) ایسا ٹیکس جو خریدار کوئی چیز خریدتے وقت بیچنے والے کو ادا کرتا ہے جنرل سیلز ٹیکس کہلاتا ہے۔

(iii) ایسی رقم جو قیمت فروخت معلوم کرنے کے لیے قیمت خرید میں جمع کی جائے مارک اپ کہلاتی ہے۔

(iv) زکوۃ اور عُشر کو قرآن اور سنت کی روشنی میں عائد کیا جاتا ہے۔

(v) مارک اپ اُس رقم کو کہتے ہیں جو قیمت فروخت جاننے کے لیے قیمت خرید میں جمع کی جاتی ہے۔

3- درست جواب پر صحیح کا نشان (✓) لگایئے۔

(i) عُشر کا کیا مطلب ہوتا ہے:

(الف) چوتھائی (ب) پانچواں (ج) آٹھواں (د) ✓ دسواں

(ii) ایسا ٹیکس جو خریدار بیچنے والے کو ادا کرے، کہلاتا ہے۔

(الف) ✓ جنرل سیلز ٹیکس (ب) پراپرٹی ٹیکس (ج) زکوۃ (د) عُشر

(iii) ایسی رقم جو ہم کسی چیز کو فروخت کر کے کماتے ہیں، کہلاتی ہے۔

(الف) ٹیکس (ب) ✓ منافع (ج) مارک اپ (د) عُشر

(iv) اسلام نے زکوۃ کی شرح مقرر کی ہے:

(الف) ✓ 2.5% (ب) 5% (ج) 7.5% (د) 10%

(v) مصنوعی طریقے سے آبپاشی کی گئی زمین پر عُشر ہوگا:

(الف) 2.5% (ب) 4% (ج) ✓ 5% (د) 10%

4- ایک گھر کا پراپرٹی ٹیکس 2% کے حساب سے معلوم کیجیے جس کی قیمت 1,450,000 روپے ہے۔

حل: گھر کی قیمت = 1,450,000 روپے

پراپرٹی ٹیکس کی شرح = 2% پراپرٹی ٹیکس کی رقم = ?

پراپرٹی ٹیکس کی رقم = 1,450,000 کا 2 فی صد

$$\text{پراپرٹی ٹیکس کی رقم} = \left(\frac{2}{100} \times 1,450,000\right) \text{ روپے}$$

$$\text{پراپرٹی ٹیکس کی رقم} = \left(\frac{2,900,000}{100}\right) \text{ روپے}$$

Downloaded from https://infohubpromissed.com/

Scanned with CamScanner

روپے 29,000 = پراپرٹی ٹیکس کی رقم

پس، اس گھر کا پراپرٹی ٹیکس 29,000 روپے ہے۔

5- عدنان نے 1.6% کی شرح سے 16000 روپے بطور پراپرٹی ٹیکس ادا کیے اس کی پراپرٹی کی مالیت معلوم کیجیے۔

حل: روپے 16,000 = ادا کردہ پراپرٹی ٹیکس

1.6% = پراپرٹی ٹیکس کی شرح

? = پراپرٹی کی مالیت

پراپرٹی کی مالیت × 1.6% = پراپرٹی ٹیکس کی رقم

پراپرٹی کی مالیت × 1.6% = 16,000

پراپرٹی کی مالیت = $\frac{16000}{1.6\%}$

پراپرٹی کی مالیت $= \frac{16000}{\frac{1.6}{100}}$

$= \frac{100 \times 16000}{1.6} = \frac{1600000}{1.6} = 1{,}000{,}000$ روپے

پس، پراپرٹی ٹیکس کی مالیت 1,000,000 روپے ہے۔

6- ایک کھلونے کی قیمت 500 روپے ہے اگر اس پر 16% جنرل سیلز ٹیکس ہو تو اس کی قیمت فروخت معلوم کیجیے۔

حل: روپے 500 = کھلونے کی قیمت

16% = جنرل سیلز ٹیکس کی شرح

? = کھلونے کی قیمت فروخت

500 روپے کا 16 فی صد = جنرل سیلز ٹیکس کی رقم

جنرل سیلز ٹیکس کی رقم = $\left(\frac{16}{100} \times 500\right)$ روپے

جنرل سیلز ٹیکس کی رقم = $\left(\frac{8000}{100}\right)$ روپے = 80 روپے

جنرل سیلز ٹیکس کی رقم + کھلونے کی قیمت = کھلونے کی قیمت فروخت

= 500 روپے + 80 روپے = 580 روپے

پس، کھلونے کی قیمت فروخت 580 روپے ہے۔

7- نبیل نے 4000 روپے میں ایک بیگ خریدا جس پر اس نے 560 روپے جنرل سیلز ٹیکس ادا کیا بتایئے اس نے کتنے فیصد جنرل سیلز ٹیکس ادا کیا؟

حل:

روپے 4000 = بیگ کی قیمت خرید

روپے 560 = جنرل سیلز ٹیکس کی رقم

? = جنرل سیلز ٹیکس فی صد میں

بیگ کی قیمت خرید × جنرل سیلز ٹیکس فی صد میں = جنرل سیلز ٹیکس کی رقم

4000 × جنرل سیلز ٹیکس فی صد میں = 560

جنرل سیلز ٹیکس فی صد میں = $\frac{560}{4000}$

جنرل سیلز ٹیکس فی صد میں = 0.14 × 100

جنرل سیلز ٹیکس فی صد میں = 14%

پس، اس نے 14 فی صد جنرل سیلز ٹیکس ادا کیا۔

8- مریم نے ایک بائیسکل 25% منافع کے ساتھ 4500 روپے میں فروخت کی۔ بائیسکل کی قیمت خرید معلوم کیجیے۔

حل: روپے 4500 = بائیسکل کی قیمت فروخت

25% = منافع%

? = بائیسکل کی قیمت خرید

فارمولا کے استعمال سے:

قیمت خرید = $\frac{\text{بائیسکل کی قیمت فروخت}}{(100\% + \text{منافع}\%)}$

قیمت خرید $= \frac{4500}{100\% + 25\%}$

قیمت خرید $= \frac{4500}{125\%} = \frac{4500}{\frac{125}{100}}$

$= \frac{4500 \times 100}{125} = \frac{450000}{125} = 3600$ روپے

پس، بائیسکل کی قیمت خرید 3600 روپے ہے۔

9- ایک دکاندار نے 900 روپے میں کیلکولیٹر بیچ کر 22% منافع کمایا۔ کیلکولیٹر کی اصل قیمت معلوم کیجیے۔

حل: روپے 900 = کیلکولیٹر کی قیمت فروخت

22% = منافع%

? = کیلکولیٹر کی اصل قیمت

فارمولا کے استعمال سے:

قیمت خرید = $\frac{\text{کیلکولیٹر کی قیمت فروخت}}{(100\% + \text{منافع}\%)}$

قیمت خرید $= \frac{900}{100\% + 22\%} = \frac{90}{122\%}$

قیمت خرید $= \frac{900}{\frac{122}{100}} = \frac{900 \times 100}{122} = \frac{90000}{122}$

قیمت خرید = 737.70 روپے

پس، کیلکولیٹر کی اصل قیمت 737.70 روپے ہے۔

download from https://infohubhrmsissed.com/

Scanned with CamScanner

10- کومل نے ایک سال میں 96000 روپے کی بچت کی۔ وہ کتنی زکوۃ ادا کرے گی؟

حل: کل بچت = 96,000 روپے

زکوۃ کی شرح = 2.5% زکوۃ کی رقم = ?

زکوۃ کی رقم = 96,000 روپے کا 2.5 فی صد

زکوۃ کی رقم = $\left(2.5 \times \frac{1}{100} \times 96{,}000\right)$ روپے

زکوۃ کی رقم = $\left(\frac{240{,}000}{100}\right)$ روپے = 2,400 روپے

پس، کومل 2400 روپے زکوۃ ادا کرے گی۔

11- سلیم کے پاس 2400 کلوگرام گندم ہے۔ گندم کی قیمت 30 روپے فی کلوگرام ہے۔ وہ کتنا عشر ادا کرے گا؟

حل: گندم کا وزن = 2,400 کلوگرام

گندم کی قیمت = 30 فی کلوگرام عشر کی رقم = ?

گندم کی کل قیمت = 30 × 2400 روپے = 72,000 روپے

عشر کی رقم = 10% × گندم کی کل قیمت

عشر کی رقم = $\frac{10}{100} \times 72{,}000 = \frac{720{,}000}{100}$

عشر کی رقم = 7,200 روپے

پس، سلیم 7,200 روپے عشر ادا کرے گا۔

کثیر الانتخابی سوالات

سوال نمبر 1. ایسا ٹیکس جو جائیداد پر وصول کیا جاتا ہے اسے کہتے ہیں:
(a) انکم ٹیکس (b) عشر (c) پراپرٹی ٹیکس (d) زکوۃ

سوال نمبر 2. پاکستان میں جنرل سیلز ٹیکس کی بنیادی شرح ہے:
(a) 10% (b) 5% (c) 12% (d) 16%

سوال نمبر 3. مارک اپ میں پرنسپل رقم کو کس سے ظاہر کیا جاتا ہے؟
(a) M (b) R (c) T (d) P

سوال نمبر 4. اسلام میں زکوۃ کی شرح ہے:
(a) 2% (b) 2.5% (c) 5% (d) 10%

سوال نمبر 5. زرعی پیداوار پر اسلامی ٹیکس ہے:
(a) زکوۃ (b) انکم ٹیکس (c) پراپرٹی ٹیکس (d) عشر

سوال نمبر 6. کسی چیز کی فروخت پر ہونے والا نفع کہلاتا ہے:
(a) جنرل سیلز ٹیکس (b) منافع (c) پراپرٹی ٹیکس (d) ٹیکس

سوال نمبر 7. عائشہ نے ایک جیولری سیٹ 84,000 میں خریدا اور 85,550 میں فروخت کیا اس کا نفع فی صد ہوگا:
(a) 1.69% (b) 1.845% (c) 1.89% (d) 1.99%

انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1. (a) ایک کتاب فروش ایک کتاب 70 روپے میں فروخت کرتا ہے اور 40 فی صد منافع حاصل کرتا ہے۔ اس کا منافع معلوم کریں۔

حل: قیمت = 70 روپے

